روح اخبار

— برطانوی اور امریکن مہم نے ہمالیہ کی مشہور و معروف چوٹی نندا دیوی کو سر کر لیا ہے۔ یہ چوٹی ۲۵ ہزار چھ سو ساٹھ فٹ بلند ہے اس سے پہلے آج تک اس چوٹی پر کوئی آدمی نہیں پہنچ سکا تھا وائسرائے ہند نے اس کامیابی پر مہم کے ارکان کے نام مبارکباد کا تار ارسال کیا ہے۔

— ترکی پارلیمنٹ نے درہ دانیال کی قلعہ بندی کے لئے پچاس لاکھ ترکی پونڈ منظور کئے ہیں۔

— اطلاع مظہر ہے کہ سلطان ابن سعود ملک نجد و حجاز نے لجنۃ العربیہ فلسطین کو ہمدردی کا تار بھیجا ہے جس میں لکھا ہے کہ وزارت خارجیہ برطانیہ کو تار دیا گیا ہے کہ اہل فلسطین کے ساتھ انصاف کیا جائے اور مسئلہ فلسطین پر ہمدردی کے ساتھ غور کیا جائے جس کا جواب وزارت خارجیہ برطانیہ سے یہ آیا کہ حکومت فلسطین کے مسئلہ پر ہمدردی کے ساتھ غور کریگی۔

— ترکی حکومت نے ۱۸ سال کی عمر کے تمام نوجوانوں کو حکم دیا ہے کہ وہ فوج میں بھرتی ہو کر فوجی تعلیم حاصل کریں ایکہزار سے زیادہ نوجوانوں نے اپنی خدمات فوجی محکمہ کو بلا معاوضہ پیش کی ہیں۔

— ۳ ستمبر کو انگلستان کی پارلیمنٹ میں فلسطین کے مسئلے پر کئی گھنٹے تک بحث ہوئی۔ انگریزی اخبارات کا بیان ہے کہ پارلیمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ فلسطین میں یہودیوں کا آنا بند نہیں کیا جائیگا خواہ عرب کتنا ہی ہنگامہ برپا کریں حکومت برطانیہ عربوں کی شورش اپنی فوجی طاقت سے دبانا چاہتی ہے۔

— سکھر (سندھ) کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ ۱۳ پولیس کانسٹبلوں کی اسامیوں کیلئے اشتہار دیا گیا تھا۔ اس پر دو ہزار پانچ سو تعلیمیافتہ امیدواروں کی درخواستیں موصول ہوئیں۔

— لاہور۔ ۱۶ ستمبر مسجد شاہ چراغ جو مدت سے حکومت کے قبضے میں تھی۔ اور بطور عدالت استعمال کیجارہی تھی آج مسلمانوں کے حوالہ کردی گئی۔ انجمن اسلامیہ کے عہدیداروں کو حکومت نے اس مسجد کے انتظامات کا ذمہ دار قرار دیا ہے۔

— اسمبلی کے گذشتہ اجلاسوں کے دوران میں سر فرینک نوئس نے ایک ممبر کے سوال کے جواب میں بیان کیا کہ سیونگ بنک (ڈاکخانہ) میں گذشتہ دس سال سے تقریباً ۱۲ لاکھ روپیہ اس طرح پڑا ہوا ہے کہ گویا کوئی اس کا مالک ہی نہیں ہے۔ کسی نے ابھی تک اس کی واپسی کے لئے کوئی مطالبہ نہیں کیا۔ پھر فرمایا کہ اگر ثبوت کے ساتھ مطالبات پیش کئے گئے تو ان پر غور کیا جائے گا۔

— خبر آئی ہے کہ شہنشاہ حبش ایک عرصے سے مختلف مذاہب کا مطالعہ کر رہے ہیں۔ اور اب آپ عنقریب اپنے مسلمان ہونے کا باضابطہ اعلان کر دینگے۔

جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔